© rasailojaraid.com



اخلاق وکردار کی تعمیر کے لئے تگ و دو کی جائے نیز دینی تعلیم و تربیت کے نظام کو ہر سطح پر مربوط ومنظّم کیا جائے۔

☆...... مظلوم مسلمانوں کو ظلم وجبر سے نجات دلانے اور ان کے دینی تشخص اور علاقائی خود مختاری کی بحالی کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کی جائے۔

☆...... مسلم ممالک میں قرآن وسنت کی عمل داری اور شرعی نظام کے نفاذ کی راہ ہموار کرکے تمام مسلم ملکوں کو عالمی سطح پر کنفیڈریشن کی صورت میں خلافت اسلامیہ قائم کرنے پر آمادہ کیا جائے۔

☆...... دینی جذبہ وغیرت کے تحت ظالموں کے خلاف اور مظلوموں کے حق میں ہتھیار اٹھانے والے مجاہدین کو عالمی استعمار کے ہاتھوں ذبح کرانے اور ان کے قتل عام پر خوش ہونے کے بجائے ان کو بچانے کی کوشش کی جائے اور اس عظیم قوت کو ضائع ہونے سے بچانے کے ساتھ ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے اور ان کی خامیوں اور کمزوریوں کو دور کرتے ہوئے انہیں ملت اِسلامیہ کے لیے حقیقی معنوں میں ایک کارآمد قوت بنانے کی راہ نکالی جائے۔

☆...... اسلامی تعلیمات، قرآن وسنت کے قوانین اور جہاد کے بارے میں عالمی استعمار اور مغربی تہذیب کے علم برداروں کے یک طرفہ اور معاندانہ پروپیگنڈے سے متاثر ومرعوب ہونے کے بجائے اس کو مسترد کیا جائے اور دلیل ومنطق کے ساتھ اسلامی احکام اور جہاد کی ضرورت وافادیت سے دنیا کو روشناس کرایا جائے۔

یہ کام دراصل مسلم حکومتوں کے کرنے کے ہیں اور انہیں او آئی سی کے عملی ایجنڈے کا حصہ ہونا چاہئے لیکن اگر دینی مراکز اور اسلامی تحریکات بھی باہمی ربط ومشاورت کے ساتھ ان مقاصد کے لیے مشترکہ پیش رفت کا اہتمام کرسکیں تو حالات کو خاصا بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

## دُعا کی درخواست

☆...... محترم محمد عطاء اللہ صدیقی کی اہلیہ چند ماہ سے علیل ہیں، جناب صدیقی صاحب کی صحت بھی ایک ماہ سے متاثر ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ دونوں کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعا فرمائیں۔

☆...... مولانا عزیز زبیدی حفظہ اللہ کی صحت عرصہ سے کافی خراب ہے۔ سر کے درد کا دیرینہ عارضہ ہے، کبرسنی کی وجہ سے بھی بہت سے عوارض بھی ہیں۔ ان بیماریوں کی بنا پر تحریری کام متروک ہے۔ اس تنہائی میں اہل علم کو ان سے رابطہ رکھ کر استفادہ کرتے رہنا چاہئے۔ آپ کی علمی شخصیت مشتاقانِ علم کے لئے نعمتِ ربانی ہے۔ قارئین سے ان کے لئے اور ان کی اہلیہ محترمہ کی صحت کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

☆...... شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ کا آنکھوں کا آپریشن گذشتہ ماہ ہوا تھا۔ جس کے بعد الحمدللہ اب وہ دوبارہ سرگرمی سے اپنا کام شروع کرچکے ہیں۔ آپ نے فتاویٰ اور تدریس کا سلسلہ جاری فرما دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے کاموں میں برکت اور ہمیں ان سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین

ادارہ 'محدث'

www.KitaboSunnat.com